# راستبازی کا لباس (I)　　　　سورۃ الاعراف 26

اسلام علیکم!

اللہ کے نام میں آپ کو سلام جو بہت ہی رحم والا ہےاور راستباز، معاف کرنے والا اور شفقت والا۔ کاش کہ اللہ کا روح آپ کے ساتھ ہو جیسے تم اس عنوان کی اہمیت کو جانتے ہو۔

"اے بنی آدم ہم نے تم پر پوشاک اُتاری کہ تمھارا ستر ڈھانکےاور تمھارے بدن کو زینت دے اور جو پرہیز گاری کا لباس ہے وہ سب سے اچھا ہے یہ خدا کی نشانیاں ہیں تا کہ لوگ نصیحت پکڑیں۔" سورۃ الاعراف 26

راستبازی ایک ضروری عنوان ہے جو 70 سے زیادہ دفعہ قرآن پاک میں اور 200 سے زیادہ دفعہ بائبل مقدس میں آیا ہے۔ راستبازی کا کیا مطلب ہے؟ اس لفظ کی سادہ اور واضح تعریف یہ ہے۔"یہ دل کی پاکیزگی اور زندگی میں اخلاقیاتی درستی ہے۔ دل وجان سے الٰہی احکام کو ماننا، راستبازی جیسے بائبل، قرآن پاک اور علمِ الہیات میں جہاں یہ اعلیٰ درجہ پر استعمال ہوتی ہے پاک ہونے کے برابر ہے جہاں وہ پاک اصولوں اور دلی محبت سے پائی جاتی ہے۔ اور زندگی کو الٰہی شریعت میں قائم رکھتی ہے۔ اِس میں انصاف، دینداری اور قدرِ مقدّس محبت کے ساتھ پائی جاتی ہے مختصراً یہی مذہب ہے۔"

## آدم اور حوّا!

ہمارے پہلے والدین باغ میں راستبازی کی برکت سے ملبس تھے۔ وہ پیدائش سے ہی راستباز پیدا ہوئے تھے۔ یہ اللہ سے اُن کو تحفہ تھا۔ لیکن جب انہوں نے گناہ کیا تو راستبازی کے اسی تحفے کو رد کر دیا۔ دوسرے لفظوں میں جب اُنہوں نے خدا کے کلام کی بجائے ابلیس کے دھوکے کو سُنا تو وہ راستبازی سے گر گئے۔ اب آدم کی پوری نسل کسی بھی طریقے سے اِس کو حاصل نہیں کر سکتی، جب خدا کی طرف سے اُن کو نہ دی جائے۔ ہماری زندگیوں میں کوئی بھلائی نہیں جانی جاتی۔ تمام ہماری بھلائی/راستبازی آدم کے گناہ کی وجہ سے ختم ہوگئی۔ ہم مکمل طور پر راستبازی سے مفلس ہو گئے ہیں۔ نہ تو ہمارے دل میں کوئی اچھائی/بھلائی ہے اور نہ ہی ہمارے اچھے کام ہمیں راستبازی دے سکتے ہیں۔

انجیل مقدّس میں لکھا ہے، "چنانچہ لکھا ہے کہ کوئی راستباز نہیں۔ ایک بھی نہیں۔" رومیوں 10:3 جیسے پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ باغِ عدن میں آدم اور اُسی کی بیوی، دونوں راستباز تھے۔ اُنہیں کسی طرح کا لباس نہیں چاہیے تھا کہ اپنے آپ کو ڈھانپے، راستبازوں کے نشان کے طور پر خدا کا نور اُن کا لباس تھا۔ داؤد نبی لکھتا ہے۔"وہ تیری راستبازی کو نور کی طرح اور تیرے حق کو دوپہر کی طرح روشن کریگا۔" زبور 6:37

یہاں راستبازی نور ہے۔ ہمارے پہلے والدین نے کوئی بناوٹی لباس نہ پہنا تھا۔ وہ تو نور کا لباس پہنے ہوئے تھے۔ جب آدم اور حوّا راستبازی سے گر گئے تو وہ اپنا آسمانی لباس کھو بیٹھے۔ اور اب اُنہوں نے اپنے آپ کو ننگا پایا اور وہ لباس اُن سے جدا ہو گیا۔ قرآن پاک فرماتا ہے، "تو دونوں نے اس درخت کا پھل کھالیا تو اُن پر اُن کی شرمگاہیں ظاہر ہوگئیں اور وہ اپنے بدنوں پر بہشت کے پتے چپکانے

لگے اور آدم نے اپنے پروردگار کے حکم کے خلاف کیا تو وہ اپنے مطلوب سے بے راہ ہو گئے۔" سورۃ طٰہٰ 121
جب خدا آیا اور اُن کی تلاش کی تو وہ چھپ رہے تھے اور اپنے آپ کو پتوں سے ڈھانپ رہے تھے تا کہ اپنا ننگا پن چھپا لیں۔ تورات مقدّس فرماتی ہے، "تب دونوں کی آنکھیں کُھل گئیں اور اُنکو معلوم ہوا کہ وہ ننگے ہیں اور اُنہوں نے انجیر کے پتوں کو سی کر اپنے لئے لنگیاں بنائی اور اُنہوں نے خداوند خدا کی آواز جو ٹھنڈے وقت باغ میں پھرتا تھا سُنی اور آدم اور اُسکی بیوی نے اپنے آپ کو خداوند خدا کے حضور سے باغ کے درختوں میں چھپایا۔ تب خداوند خدا نے آدم کو پکارا اور اُس سے کہا کہ تُو کہاں ہے۔ اُس نے کہا میں نے باغ میں تیری آواز سنی اور میں ڈرا کیونکہ میں ننگا تھا۔ اور میں نے اپنے آپ کو چھپایا۔" پیدائش 3:7-10

## خدا کا دیا ہوا لباس!

آدم کے ننگے ہونے کے مسئلے کو خدا نے حیوان کے چمڑے کے لباس سے ڈھانپا۔ ایک برے کو قربان ہونا تھا تا کہ آدم اور اُسکی کی بیوی کا ننگے پن کے لئے لباس تیار کیا جائے۔ خون بہایا جانا تھا تا کہ آدم کو دوبارہ لباس مہیا کیا جائے۔ یہ تمام آنے والے خدا کے برے کی طرف اشارہ کرتے تھے۔ جو ایک دن آکر دنیا کے گناہوں کو اُٹھا لے گا۔ "۔۔۔ دیکھو خدا کا برہ ہے جو دنیا کا گناہ اُٹھا لے جاتا ہے۔" انجیل مقدّس، یوحنا 1:29
اس طرح عیسیٰ المسیح خدا کا برہ تھا اور یہ اُس کا خون بہایا گیا تھا تا کہ گناہگار انسان اپنے گناہوں سے معافی پا سکے۔ اور ایک دفعہ پھر راستبازی حاصل کر لے۔ انسان صرف یسوع المسیح کے ذریعے ہی اپنے ننگے پن کو ڈھانپ سکتا ہے۔
چمڑے کا لباس تو وقتی طور پر تھا۔ انسان کو موقعہ دیا گیا کہ وہ اپنی کھوئی ہوئی راستبازی کو دوبارہ حاصل کر لے۔
لیکن انسان پاکیزگی کے کردار کو جو کھو گیا تھا کیسے دوبارہ حاصل کرے؟ انسان نے تو بھلائی کرنے کی قابلیت کھو دی ہے۔ وہ کبھی بھی اپنی قوت اور طاقت سے بھلائی کرنا یا دل کی پاکیزگی حاصل نہیں کر سکتا۔ کیسی مشکل تھی آدم ان پڑھا تھا؟ کہاں سے مدد آتی؟

## خدا کا منصوبہ

خدا کا ایک منصوبہ تھا۔۔۔ اُس کے منصوبے میں وہ ایک دفعہ پھر وہی پاک لباس مہیا کر سکتا ہے۔ اور وہ لباس ایک دوسرے آدم یعنی یسوع مسیح سے آئے گا۔

"میں خداوند سے بہت شادمان ہونگا۔ میری جان میرے خدا میں مسرور ہوگی کیونکہ اُس نے مجھے نجات کے کپڑے پہنائے۔ اُس نے راستبازی کے خلعت سے مجھے مُلبس کیا۔۔۔" یسعیاہ 61:10 "تیری صداقت ابدی صداقت ہے اور تیری شریعت برحق ہے۔" زبور 119:142

راستبازی جو ہم کھو چکے ہیں لیکن جب ہم اپنا آپ خدا کو دیتے ہیں اور مسیح پر ایمان لاتے ہیں۔ تو وہ پھر ہمیں اُس سے مُلبس کرے گا۔ یہ عیسیٰ المسیح کے ذریعے ہوتا ہے جسے بھیجا گیا تھا۔ غور کریں راستبازی ایک لباس کی طرح ہے جو پہنا جاتا ہے۔ ایوب جو شرق کے مجوسیوں میں سے تھا فرماتا ہے، "میں نے صداقت کو پہنا اور اُس سے مُلبس ہوا۔ میرا انصاف گویا جُبّہ اور عمامہ تھا۔" ایوب 29:14 " کیونکہ

جب ایک شخص کے گناہ کے سبب سے موت نے اُس ایک کے ذریعے سے بادشاہی کی تو جو لوگ فضل اور راستبازی کی بخشش اِفراط سے حاصل کرتے ہیں وہ ایک شخص یعنی یسوع مسیح کے وسیلہ سے ہمیشہ کی زندگی میں ضرور ہی بادشاہی کرینگے۔" انجیل مقدّس، رومیوں 17:5

"یعنی خدا کی وہ راستبازی جو یسوع مسیح پر ایمان لانے سے سب ایمان لانے والوں کو حاصل ہوتی ہے کیونکہ کچھ فرق نہیں" رومیوں 22:3

عزیز قاری! کیا تم ایمان لاتے اور اللہ کی راستبازی کے تحفے کو قبول کرتے ہو؟ یہ ایک تحفہ ہے؟ اور کمایا نہیں جا سکتا نہیں تو یہ تحفہ نہیں ہو سکتا۔ قرآن پاک فرماتا ہے، "نیکی یہ نہیں کہ تم مشرق و مغرب کو قبلہ سمجھ کر اُن کی طرف مُنہ کرلو بلکہ نیکی یہ ہے کہ لوگ خدا پر اور فرشتوں پر اور خدا کی کتاب پر اور پیغمبروں پر ایمان لائیں۔۔۔" سورۃ البقرہ 177

ہمیں نصیحت ہے کہ راستبازی کی تلاش کریں۔ یہ واضح ہے کہ یہ مل سکتی ہے نہیں تو ہمیں کہا نہ جاتا۔ تورات مقدّس فرماتی ہے، "اے ملک کے سب حلیم لوگو جو خداوند کے احکام پر چلتے ہو اُسکے طالب ہو! راستبازی کو ڈھونڈو، فروتنی کی تلاش کرو۔ شاید خداوند کے غضب کے دن تم کو پناہ مِلے۔" صفنیاہ 3:2۔ " بلکہ تم پہلے اُسکی بادشاہی اور اُسکی راستبازی کی تلاش کرو تو یہ سب چیزیں بھی تم کو مِل جائینگی۔" انجیل مقدّس، متی 33:6

"مبارک ہیں وہ جو راستبازی کے بھوکے اور پیاسے ہیں کیونکہ وہ آسودہ ہونگے" متی 6:5۔ یہ تمام کے لئے ہے تمام قوموں کے لئے، اور زمین پر ہر ایک شخص کے لئے۔ "صداقت قوم کو سرفرازی بخشتی ہے پر گناہ سے اُمتوں کی رسوائی ہے۔" امثال 34:14

قرآن پاک فرماتا ہے کہ عیسیٰ المسیح راستبازی کا بیٹا ہے۔ سورۃ مریم 19:19۔ اُس نے اپنی عظمت خدا کے سامنے برقرار رکھی اور اس عزت کو پایا کہ اُن تمام پر جو اُس پر ایمان لائے اُن کو یہ قیمتی تحفہ دے۔

اس لئے حقیقی بھلائی کے کام راستبازی کے دیئے ہوئے تحفے کی بدولت ہیں۔ بھلائی کے کام جو دل سے نکلتے ہیں راستبازی کا پھل ہے۔ جب یہ تحفہ ہمیں مل جاتا ہے۔ تو پھر ہمیں مکمل اختیار حاصل ہے کہ ہم آسمان پر جائیں گے۔ اس لئے یہ سب راستبازی حاصل کرنے پر منحصر ہے۔ حقیقی طور پر یہ ایک لباس ہے۔ اور ہمیں چاہئے کہ اس آسمانی لباس میں مُلبس ہوں۔ جو آسمانی کھڈی کا لباس ہے اور زمین کا اُس میں کچھ نہیں اور یہ لباس آپ کو آسمانی بادشاہی میں داخل کرے گا۔" میرے حق میں ہر ایک کہیگا کہ یقیناً خداوند ہی میں راستبازی اور توانائی ہے۔" یسعیاہ 24:45

راستبازی اور شریعت کا چولی دامن کا ساتھ ہے یہ الگ نہیں ہو سکتے، " کاش کہ تو میرے احکام کا شنوا ہوتا اور تیری سلامتی نہر کی مانند اور تیری صداقت سمندر کی موجوں کی مانند ہوتی۔" تورات، یسعیاہ 18:48 تیری زبان تیرے کلام کا گیت گائے کیونکہ تیرے سب فرمان بر حق ہیں۔" زبور 172:119 " بلکہ ہر قوم میں جو اُس سے ڈرتا اور راستبازی کرتا ہے وہ اُسکو پسند آتا ہے۔" انجیل مقدّس اعمال 35:10۔ "۔۔۔اور اُسکا نام یہ رکھا جائیگا خداوند ہماری صداقت۔" یرمیاہ 6:13

آخری ایام میں حقیقی مسیحی اور حقیقی مسلمان اکھٹے مل کر اللہ کی تعریف گائیں گے اور اللہ کی راستبازی کو قبول کریں گے۔

" کیونکہ جس طرح زمین اپنے نباتات کو پیدا کرتی ہے۔ اور جس طرح باغ اُن چیزوں کو جو اُس میں بوئی گئی ہیں اگاتا ہے اُسی طرح خداوند

صداقت/راستبازی اور ستائش کو تمام قوموں کے سامنے ظہور میں لائیگا۔" یسعیاہ 11:61

"اور اہل دانش نور فلک کی مانند چمکینگے اور جن کی کوشش سے بہتیرے صادق ہو گئے ستاروں کی مانند ابدالآباد تک روشن ہونگے۔" دانی ایل 3:12 آج اللہ سے دعا میں مانگیں کہ وہ آپ کو راستبازی کا لباس دے جو عیسیٰ المسیح کے ذریعے سے ملتا ہے۔

R.M. Harnisch

Series no. 32 Part I

www.salahallah.com

www.allahshanif.com